Sig. of Supdt............................

KT-XI-1901

اُردو لازمی (پارٹ-وَن)

Fresh / Reappear

Roll No.........................................

Fic. No.........................................

---

Fic. No.........................................

کل وقت: 3 گھنٹے | **Code - 22** | اُردو لازمی (پارٹ-وَن) | کل نمبر: 100

Fresh / Reappear

نوٹ: اس پرچے کے تین حصے ہیں۔ حصہ اول، دوم اور سوم۔ حصہ اول مقررہ وقت کے اندر حل کرکے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کردیں۔ کاٹنے مٹانے یا دوبارہ لکھنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا منع ہے۔

وقت: 20 منٹ | حصہ اول (معروضی) | نمبر: 20

سوال 1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔ اور اپنا انتخاب (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے گئے خالی خانہ میں لکھیں۔

i. مثنوی "سحر البیان" ــــــــــ نے لکھی۔ [الف]
الف۔ میر حسن　ب۔ امیر انیس　ج۔ علی دبیر　د۔ الطاف حسین

ii. تعلیم بالغاں کے مصنف ــــــــ ہیں۔ [د]
الف۔ آغا حشر　ب۔ ابن انشا　ج۔ بشیر احمد　د۔ خواجہ معین الدین

iii. خطبات احمدیہ ــــــــ کی تصنیف ہے۔ [الف]
الف۔ سر سید　ب۔ مولوی ذکاء اللہ　ج۔ سید عبداللہ　د۔ عبادت بریلوی

iv. خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں۔ یہ ایک نہایت عمدہ اور آزمودہ ــــــــ ہے۔ [ب]
الف۔ کہاوت　ب۔ مقولہ　ج۔ ضرب المثل　د۔ محاورہ

v. سبق "آنگن" صنف کے لحاظ سے ــــــــ ہے۔ [الف]
الف۔ افسانہ　ب۔ ڈرامہ　ج۔ ناول　د۔ مضمون

vi. آغا حشر کاشمیری ــــــــ میں پیدا ہوئے۔ [الف]
الف۔ بنارس　ب۔ دہلی　ج۔ دکن　د۔ لاہور

vii. ابن انشا کا اصل نام ــــــــ تھا۔ [ج]
الف۔ محمد شیر　ب۔ شیر محمد　ج۔ شیر محمد قیصر　د۔ محمد انشا

viii. ــــــــ لنچ کھانے کے بعد قیلولہ ضرور کرتے ہیں۔ [ب]
الف۔ یونانی　ب۔ اطالوی　ج۔ پاکستانی　د۔ امریکی

ix. محسن کاکوروی کی وجہ شہرت اُن کا ــــــــ کلام ہے۔ [د]
الف۔ حمدیہ　ب۔ غزلیہ　ج۔ رزمیہ　د۔ نعتیہ

x. ایک محتاط اندازے کی مطابق میر ببر علی انیس کے مرثیوں کی تعداد ــــــــ کے قریب ہے۔ [ج]
الف۔ ایک ہزار　ب۔ دو ہزار　ج۔ تین ہزار　د۔ چار ہزار

xi. اکبر الہ آبادی نے اپنی شاعری کا آغاز ــــــــ کلام سے کیا تھا۔ [الف]
الف۔ سنجیدہ　ب۔ مزاحیہ　ج۔ رزمیہ　د۔ رومانوی

xii. سید ضمیر جعفری ــــــــ پیدا ہوئے۔ [د]
الف۔ 1910　ب۔ 1911　ج۔ 1914　د۔ 1916

xiii. فقیرانہ آئے ــــــــ کر چلے۔ [ب]
الف۔ دعا　ب۔ صدا　ج۔ ادا　د۔ وفا

xiv. میر کو ــــــــ کہا گیا۔ [الف]
الف۔ خدائے سخن　ب۔ بابائے اُردو　ج۔ بلبل ہند　د۔ اردو غزل کا آدم

xv. غزل کے تمام اشعار کا ــــــــ مفہوم ہوتا ہے۔ [الف]
الف۔ الگ الگ　ب۔ ایک　ج۔ متضاد　د۔ مبارک

xvi. درد کے ملنے سے اے ــــــــ بُرا کیوں مانا۔ [ج]
الف۔ دوست　ب۔ دشمن　ج۔ یار　د۔ رقیب

xvii. آئینہ اپنی ــــــــ سے نہ جدا ہونے دو۔ [د]
الف۔ جگر　ب۔ اثر　ج۔ سفر　د۔ نظر

xviii. احساس جمال کا ہونا ہر ــــــــ کے اندر لازمی ہے۔ [الف]
الف۔ انسان　ب۔ آدمی　ج۔ شخص　د۔ فرد

xix. غزل کے ــــــــ میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔ [ج]
الف۔ مطلع　ب۔ درمیان　ج۔ مقطع　د۔ مطلع ثانی

xx. خط کو ــــــــ بھی کہتے ہیں۔ [ب]
الف۔ پوری ملاقات　ب۔ نصف ملاقات　ج۔ ایک تہائی ملاقات　د۔ رسمی ملاقات

eduvision.edu.pk

KT-XI-1901

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

# اُردو لازمی (پارٹ-ون)

Fresh / Reappear

## حصہ دوم

نمبر:50

سوال۔2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

i. قومی ترقی کن باتوں کا مجموعہ ہے؟

ii. حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اسلام کی کیا خدمت انجام دی؟

iii. صنعتِ مراعاۃ النظیر کی تعریف کریں۔ نیز دو مثالیں دے کر وضاحت کریں۔

iv. نظم "حمد" کا خلاصہ تحریر کریں۔

v. درج ذیل الفاظ و تراکیب کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ اُن کی معنی واضح ہو جائیں۔

اختراعی جھوٹ۔ نقشِ اول۔ منقّش۔ اندیشہ۔ ماکاتِ نفسانی

vi. مجاز مرسل کی تعریف کریں نیز دو مثالیں دے کر اس کی وضاحت کریں۔

vii. نظیر اکبر آبادی نے گھر کی مفلسی کا کیا نقشہ کھینچا ہے؟

viii. حمد، نعت اور منقبت میں فرق واضح کریں۔

ix. ادب کی اہمیت پر مختصراً نوٹ لکھیں۔

x. نظم "شہر آشوب" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

xi. داغ دہلوی نے غزل کے مقطع میں محبوب کی نفسیات کی کون سی تصویر پیش کی ہے۔

xii. رتبے میں مہر وماہ سے کم تر نہیں ہوں میں۔ اس مصرعے کی وضاحت کریں۔

xiii. روحانیت کی کمی سے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

eduvision.edu.pk

## حصہ سوم

نمبر:30

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال۔3 متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

الف۔ بعض لوگ بد دیانتی سے یا سادگی سے، پاکستان میں حب اُلوطنی کے پردے میں علاقہ پرستی کی تحریک چلا رہے ہیں، مگر یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرنے کے قابل ہے کہ علاقہ پرستی اور وطنیت میں بڑا فرق ہے۔ یوں عام حالات میں کسی شخص کا کسی خاص علاقے سے محبت رکھنا یا اس کے متعلق اچھے جذبات رکھنا بالکل فطری امر ہے مگر اس علاقائی محبت کا وطن کے وسیع مفادات سے ٹکراؤ نہیں ہونا چاہئے ورنہ علاقہ پرستی ایک ایسا مرض ثابت ہو سکتا ہے، جو وطنِ عزیز کی ہستی کے لیے خطرناک ہو گا۔

ب۔ لیجئے صاحب! جو شہر صدیوں میں بسے اور اسکندر کو آ کر ڈھانے پڑے، ہم نے ڈھائی گھنٹے میں دیکھ لئے۔ اب پھر ہم تھے اور شہر کی سڑک، جس پر منصور کی ٹیکسی ساٹھ میل کی رفتار سے فرائے بھرتی جا رہی تھی۔ ہم نے اپنے جی ہی جی میں حساب جوڑا، بارہ تومان تختِ جمشید تک اور جیسا کہ رستے میں طے ہو گیا تھا۔ دس تومان واپسی کے، کل 22 نقشِ رستم تک جانے کے دو تین چار پانچ سمجھ لیجئے۔

سوال۔4 ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح بحوالہ شاعر اور نظم کریں۔

الف۔ کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل ۔۔۔ انسان ہوں، پیالہ وساغر نہیں ہوں میں

یارب! زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے ۔۔۔ لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرّر نہیں ہوں میں

ب۔ کبھی توان کی حسینوں سے شکل ملتی ہے ۔۔۔ کبھی پناہ گزینوں سے شکل ملتی ہے

خدا کی شان ہے، وہ ہیں مرے وطن کے جواں ۔۔۔ کہ جن کی پردہ نشینوں سے شکل ملتی ہے

سوال۔5 اپنے دوست کو خط لکھیں جس میں اسے غیر اسلامی رسومات سے بچنے اور کفایت شعاری پر عمل کرنے کی تلقین کریں۔

سوال۔6 دو دوستوں کے درمیان "جھوٹ اور بناوٹ کی مذمت" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔